Series : EFGH/S

Set – 4

| Q.P. Code | 5B/S |
| --- | --- |

رول نمبر
Roll No.

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Maximum Marks : 80* | *Time allowed : 3 hours*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد 15 ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد 14 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

#

عام ہدایات :

(i) اس سوالنامے میں کل 14 سوالات ہیں جن کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) حصہ۔(الف) : 4 سوالات، نمبر 1 تا 4

(iii) حصہ۔(ب) : 4 سوالات، نمبر 5 تا 8

(iv) حصہ۔(ج) : 2 سوالات، نمبر 9 تا 10

(v) حصہ۔(د) : 4 سوالات، نمبر 11 تا 14

(vi) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vii) جواب لکھنے سے پہلے سوال نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains 14 questions and divided into 4 sections.

(ii) **Section - A :** 4 Q. No. 1 to 4

(iii) **Section - B :** 4 Q. No. 5 to 8

(iv) **Section - C :** 2 Q. No. 9 to 10

(v) **Section - D :** 4 Q. No. 11 to 14

(vi) Attempt questions as per specific instructions.

(vii) Write Question No. in Answer Book before attempting it.

## حصہ۔ الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION - A : Reading and Comprehension (20 Marks)

1. درج ذیل غیر درسی نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×1=5

(a) خواجہ غلام السیدین ہریانہ کے تاریخی قصبے پانی پت میں 1904ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد علی گڑھ کالج کے مشہور طالب علم تھے۔ اور والدہ مولانا الطاف حسین حالیؔ کی پوتی تھیں۔ غلام السیدین کی ابتدائی تعلیم پانی پت میں ہوئی پھر علی گڑھ سے بی۔اے اور بی۔ایڈ کیا۔ اس کے بعد وہ انگلستان گئے۔ وہاں سے آنے کے بعد وہ علی گڑھ ٹیچر ٹریننگ کالج میں لیکچرر رہوئے اور پھر پرنسپل ہو گئے۔ غلام السیدین ماہرِ تعلیم تھے۔ ان کو اُردو زبان وادب سے بہت دلچسپی تھی۔ انھوں نے کئی کتابیں لکھیں۔ ان کی مشہور کتاب ''آندھی میں چراغ'' ہے۔

(i) غلام السیدین کہاں اور کس سنہ میں پیدا ہوئے؟

(A) قصبہ 1904 (B) پانی پت 1906

(C) پانی پت 1904 (D) قصبہ 1906

(ii) علی گڑھ کالج کے مشہور طالب علم کون تھے؟

(A) مولانا الطاف حسین حالیؔ (B) حالی کی پوتی

(C) خواجہ غلام السیدین (D) خواجہ غلام السیدین کے والد

(iii) غلام السیدین نے کون کون سی ڈگریاں حاصل کیں؟

(A) ٹیچر ٹریننگ (B) بی۔اے، بی۔ایڈ

(C) پرنسپل (D) لیکچرر

(iv) ابتدائی تعلیم کے کیا معنی ہوئے؟

(A) شروعاتی پڑھائی

(B) اعلا پڑھائی

(C) انگریزی کی پڑھائی

(D) گاؤں کی پڑھائی

(v) ''آندھی میں چراغ'' کیا ہے؟

(A) فلم

(B) کتاب

(C) کہانی

(D) تصویر

**یا (OR)**

(b) کولکتہ میں موجود نیشنل کتب خانہ بھارت کا سب سے بڑا کتب خانہ ہے۔ اُسے نیشنل کتب خانوں میں سب سے اہم اور مخصوص درجہ حاصل ہے۔ اس مقامی کتب خانہ نے اپنا کام کاج 21 مارچ 1836 کو شروع کیا تھا۔ یہ کتب خانہ رضاکارانہ اور خود کفیل طور پر موجود ہے۔ یہاں تقریباً اٹھارہ لاکھ کتب اور دستاویزوں کا مجموعہ ہے۔ یہ کتب خانہ بیل بیڈرے لائبریری کے ساتھ ملا دیا گیا ہے۔ جنوری 1903 میں امپیریل لائبریری کو عوام کے لیے کھولا گیا۔ آزادی کے بعد 1948 میں قانون کے مطابق امپیریل لائبریری کا نام بدل کر نیشنل لائبریری رکھا گیا۔ دوارکا ناتھ ٹیگور اس کے پہلے مالک اور بنگالی جنگ پیاری چند مترا اس کے پہلے لائبریرین تھے۔ لارڈ کرزن نے اسے ایک نیشنل انسٹی ٹیوٹ کے روپ میں بدلا۔

(i) کتب خانہ کو انگریزی زبان میں کیا کہتے ہیں؟

(A) امپیریل

(B) لائبریری

(C) نیشنل

(D) انسٹی ٹیوٹ

(ii) مقامی کتب خانہ کے تعلق سے 1836 میں کیا ہوا؟

(A) عوام کے لیے کھولا گیا
(B) کام کاج شروع ہوا
(C) مخصوص درجہ حاصل ہوا
(D) بیڈرے لائبریری سے ملا دیا گیا

(iii) امپیریل لائبریری کا نام نیشنل لائبریری کب رکھا گیا؟

(A) 1836 سے پہلے
(B) 1903 میں
(C) 1947 کے بعد
(D) 1947 سے پہلے

(iv) پہلے لائبریرین کا نام کیا تھا؟

(A) پیاری چند مترا
(B) دوار کا ناتھ ٹیگور
(C) لارڈ کرزن
(D) رضا کار

(v) نیشنل لائبریری کہاں کی سب سے بڑی لائبریری ہے؟

(A) کولکتہ
(B) انگلینڈ
(C) بھارت
(D) دنیا

**2.** درج ذیل غیر درسی شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ *5×1=5*

(a)

رنگ فضاؤں میں بکھرائے جھوم کے ہولی آئی ہے
پیار کی چنچل پریاں گائیں جھوم کے ہولی آئی ہے
جتنے ہی رنگوں کے سپنے دیکھ رکھے ہیں آنکھوں نے
پوری ہوں سب کی آشائیں جھوم کے ہولی آئی ہے

لال، گلابی، نیلے، پیلے رنگوں کی بوچھاروں میں
دھرتی، امبر ڈوبے جائیں جھوم کے ہولی آئی ہے

آئینے میں دیکھ کے مکھڑا خود ہی گوری شرمائے
ساجن جب جب یاد آجائیں جھوم کے ہولی آئی ہے

(i) ہولی کے موقع پر کون گا رہا ہے؟

(A) رنگ (B) پریاں
(C) امبر (D) ساجن

(ii) سپنے کس نے دیکھے ہیں؟

(A) ساجن نے (B) پریوں نے
(C) آنکھوں نے (D) گوری نے

(iii) اس اقتباس میں 'دھرتی' کا متضاد تلاش کیجیے۔

(A) مکھڑا (B) فضا
(C) امبر (D) بکھرنا

(iv) کتنے رنگوں کی بوچھار کی گئی ہے؟

(A) دو (B) چار
(C) پانچ (D) تین

(v) گوری کو شرم کیوں آرہی ہے؟

(A) ساجن کے آنے پر (B) ساجن کی یاد آنے پر
(C) ساجن کے چلے جانے پر (D) ساجن کے مسکرانے پر

**یا (OR)**

(b)

آج کا کام آج کرلو
آج کا کام کل پر مت ڈالو

جُرم ہے کام دھام میں سُستی
اچھی لگتی ہے پھُرتی اور چُستی

جو کہے چھوڑو دیکھا جائے گا
وہ خسارہ بہت اُٹھائے گا

کامیابی کی ہے اگر تلاش
رکھو ہر وقت کام ہی پہ نظر

(i) اس اقتباس میں کس بات پر زور دیا گیا ہے؟

(A) کامیابی پر (B) وقت پر

(C) کام پر (D) جرم پر

(ii) آج کا کام کب تک کرنا چاہیے؟

(A) کل تک (B) آج ہی

(C) ابھی (D) کبھی بھی

(iii) اس اقتباس میں 'سُستی' کا متضاد کیا ہے؟

(A) چُستی (B) خسارہ

(C) کامیابی (D) دھام

(iv) کیا کہنے والا خسارہ اُٹھائے گا؟

(A) کام کل پر ٹالنے والا　(B) کام دھام میں سُستی کرنے والا

(C) چھوڑ و دیکھا جائے گا　(D) کام پر نظر رکھنے والا

(v) کام پر نظر رکھنے والا۔۔۔

(A) خسارہ اُٹھائے گا　(B) سُستی کرے گا

(C) کامیاب ہو گا　(D) جُرم کرے گا

3. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

اس کی پیشانی پر اُبھرنے والی لکیریں بتا رہی تھیں کہ وہ جملے بنانے کے لیے اپنے ذہن کو بری طرح ٹٹول رہا ہے۔ اسی کیفیت میں اس نے خط بہ مشکل پورا کیا اور اچھی طرح دیکھ بھال کے اسے لفافے میں بند کیا پھر ٹکٹ خریدا اور اس کو ایک زوردار مکے کے ساتھ بند کر دیا۔

پھر جیسے ہی خط لیٹر بکس میں گرا تو ڈاکیے نے فوراً ہی اسے نکال لیا۔ خط پڑھا گیا، اس میں لکھا تھا۔

یا ربی جو رقم میں نے طلب کی تھی اس میں سے مجھے صرف ستّر روپے ہی ملے ہیں۔ باقی رقم بھی ارسال کریں مجھے اس کی شدید ترین ضرورت ہے۔ لیکن اب یہ باقی رقم ڈاک کے ذریعے ہر گز نہ بھیجیں کیوں کہ اس ڈاک خانے کے ملازم بے ایمان اور بد دیانت ہیں۔

(i) یہ اقتباس ''خدا کے نام خط'' سے لیا گیا ہے۔ یہ کہانی کس زبان سے ترجمہ کی گئی ہے؟

(A) جاپانی　(B) انگلش

(C) اسپینی　(D) ملیالم

(ii) خط لکھنے والے کا نام کیا تھا؟

(A) لین شو　(B) لین شو کی بیوی

(C) ڈاکیہ　(D) ملازم

(iii) کس کام کے لیے ذہن کو ٹٹولا جا رہا تھا؟

(A) پیسے کمانے کے لیے
(B) رقم وصول کرنے کے لیے
(C) جملے بنانے کے لیے
(D) ٹکٹ ڈھونڈنے کے لیے

(iv) ڈاکیے نے خط کہاں سے نکالا؟

(A) ڈاک خانہ سے
(B) لیٹر باکس سے
(C) گھر سے
(D) دراز سے

(v) خط میں کسے مخاطب کیا گیا؟

(A) رب کو
(B) پوسٹ ماسٹر کو
(C) ملازم کو
(D) مالک کو

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جواب لکھیے۔ *5×1=5*

خون اپنا ہو یا پرایا ہو
نسلِ آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں
امنِ عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں یا غیروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

(i) یہ اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتی ہیں؟

(A) نظم (B) غزل

(C) کہانی (D) حمد

(ii) کس کا خون ہوتا ہے؟

(A) امنِ ملک کا (B) امنِ عالم کا

(C) سماجی امن کا (D) آس پاس کے امن کا

(iii) بم گرنے سے کس کو زخم لگتا ہے؟

(A) انسانیت (B) روحِ تعمیر

(C) زیست (D) کھیت

(iv) زیست کے کیا معنی ہیں؟

(A) بھوک (B) عورتیں

(C) زندگی (D) موت

(v) اس اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) بشر نواز (B) ساحرؔ لدھیانوی

(C) اسمٰعیل میرٹھی (D) میر تقی میرؔ

## حصہ۔ ب : تحریری مہارت (25 نمبر)
## SECTION - B : Writing Skills (25 Marks)

5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم سے کم 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *1×10=10*

(i) قومی یک جہتی

(ii) خواتین کی تعلیم

(iii) پسندیدہ شخصیت

6. (a) آپ کا نام علما/علی ہے اور آپ کا پتا مکان نمبر 56، گلی نمبر 3، نئی بستی، میرٹھ، اترپردیش 250001 ہے۔ اپنے دوست/اپنی سہیلی کو ایک خط لکھیے جس میں آپ اسے اپنے دسویں جماعت میں پاس ہونے کی خوش خبری دیجیے، اور اسے اپنے گھر آنے کی دعوت بھی دیجیے۔ دوست کا پتا ہے۔ مکان نمبر 78، گلی نمبر 9 ، جامعہ نگر۔ دہلی 110025۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) آپ کا نام رحیم/ریحانہ ہے اور گورنمنٹ سینئر سیکنڈری اسکول، رام نگر، لکھنؤ کی جماعت دسویں۔ اے میں زیرِ تعلیم ہیں۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ انھیں اپنے مالی حالات کے بارے میں بھی بتائیے۔

7. (a) کنھیّا لال کپور پر ایک نوٹ لکھیے۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) رضیہ سلطان کی خوبیوں کے بارے میں بتائیے۔

8. (a) علامہ اقبال کی شاعری پر نوٹ لکھیے۔ *1×5=5*

**یا (OR)**

(b) نظم 'قدم بڑھاؤ دوستو!' میں کیا پیغام دیا گیا ہے۔

## حصہ۔ ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION - C : Grammar (20 Marks)

9. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف آٹھ کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔ *8×2=16*

(i) وہ فعل کیا کہلاتا ہے جس کا فاعل یعنی کام کرنے والا معلوم ہو؟

(A) فعل معروف (B) فعل لازم

(C) فعل مستقبل (D) فعل ناقص

(ii) اسم نکرہ کی پہچان کیجیے۔

(A) صادق (B) لڑکا

(C) لال قلعہ (D) ٹاٹا

(iii) لفظ ''رحم دل'' کا متضاد ہے۔

(A) خوش دل (B) سنگ دل

(C) فراخ دل (D) بےدِل

(iv) لفظ ''تجاویز'' کا واحد ہے۔

(A) قدم (B) مقام

(C) تجوید (D) تجویز

(v) ذیل کے لفظوں میں مذکر الگ کیجیے۔

(A) معلّم (B) شاعرہ

(C) شہزادی (D) بہن

(vi) درج ذیل میں کس لفظ کے ساتھ لاحقہ استعمال ہوا ہے؟

(A) کم تر (B) صحت مند

(C) غیر حاضر (D) غیر ضروری

(vii) ذیل کے لفظوں میں جمع کی نشاندہی کیجیے۔

(A) فن (B) مناظر

(C) خط (D) تصویر

(viii) ذیل کے الفاظ میں کس لفظ کے ساتھ سابقہ استعمال ہوا ہے؟

(A) ان پڑھ (B) دردمند

(C) پان دان (D) گل دان

(ix) اس علامت "؟" کا نام کیا ہے؟

(A) فجائیہ (B) سوالیہ

(C) ختمہ (D) وقفہ

(x) سورج کا مترادف تلاش کیجیے۔

(A) چاند (B) خورشید

(C) چمک دار (D) نور

**10.** درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ *4×1=4*

(i) جان میں جان آنا (ii) پھولا نہ سمانا

(iii) بغلیں بجانا (iv) بھیس بدلنا

## حصہ۔ د : ادب (15نمبر)
## SECTION - D : Literature (15 Marks)

**11.** درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔ *3×2=6*

(i) دنیا میں آہستہ آہستہ گرمی بڑھنے سے کیا بات سامنے آئی؟

(ii) پہلے لوگ کس طرح پیٹ بھرتے تھے؟

(iii) سبق "خدا کے نام خط" میں ژالہ باری سے کیا نقصانات ہوئے؟

**12.** درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ *2×1=2*

(i) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟

(ii) سنسکرت کن لوگوں کی زبان تھی؟

**13.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ *2×2=4*

(i) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا؟

14. درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ $3\times1=3$

(i) درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

میں جو بولا کہا یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) یہ شعر شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے :

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(iii) نظم ''نیکی اور بدی'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟